## سوال

(146)قرآنی خوانی کی شرعی حیثیت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسلام آباد سے حافظ محمد سلیم سوال کرتے ہیں کیا میت کو ثواب پہنچتا ہے اوراس کےلیے قرآن خوانی کی شرعی حیثیت کیا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

احادیث کی روسے چندایک چیزوں کا ثواب میت کوپہنچتا ہے جن کی تفصیل حسب ذیل ہے :

(1)کسی مسلمان کااس کےلیے دعاکرنا بشرطیکہ وہ دعاان آداب کوملحوظ رکھتے ہوئے کی جائے جوقبولیت کےلیے ضروری ہیں ۔

(2)اس کے ذمہ نذرکے روزے ہوں جووہ ادانہ کرسکا تواس کی طرف سے روزے رکھنا بھی باعث ثواب ہے ۔

(3)نیک بچہ جوبھی اچھے کام کرے گاوالدین اس کے ثواب میں شریک ہوں گے ۔

(4)مرنے کے بعداچھے آثاراپنے پیچھےچھوڑجانے سے بھی میت کوثواب ملتا ہے ۔صدقہ جاریہ بھی اس میں شامل ہے ۔میت کےلیے قرآن خوانی کے ثواب کے متعلق ائمہ اربعہ کا اختلاف ہے، صحیح موقف یہی ہے قرآن پڑھنے کامیت کوثواب نہیں پہنچتا، البتہ قرآن پڑھنے کے بعد میت کےلیے دعاکرنے سے میت کوفائدہ ہوسکتا ہے، ہمارے ہاں اجتماعی طور پرقرآن خوانی ایک رواج ہے جس کا کوئی ثبوت قرآن وحدیث سے نہیں ملتا ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاوی اصحاب الحدیث

**جلد:1 صفحہ:175**